05/5/25

C.O

AD (P/Cb)

05/05/25

DD(P+PR)

E-mail:ausafd@gmail.com
اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار
http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف لاہور

DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان
ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 27 | ہفتہ، 5 ذوالقعدہ 1446ھ، 3 مئی 2025ء، 21 ویساکھ 2082 بی ایس | قیمت 30 روپے | شمارہ: 176

محکمہ خزانہ نے ہمت کارڈ کی آخری قسط جاری کردی

ہمت کارڈ کی 68 کروڑ کی امدادی رقم رواں ماہ ہی تقسیم کردی جائیگی

لاہور (نیوز رپورٹر) محکمہ خزانہ نے ہمت کارڈ کی آخری قسط جاری کردی۔ ہمت کارڈ کے 68 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں۔ رواں ماہ ہی خصوصی افراد میں امدادی رقم تقسیم کردی جائے گی۔ محکمہ خزانہ نے ہمت کارڈ کی آخری قسط جاری کردی ہے۔ ہمت کارڈ کی مد میں (باقی صفحہ 6 پر نمبر 37)

68 کروڑ روپے جاری کیے گئے ہیں۔ یہ امداد رجسٹرڈ 65 ہزار خصوصی افراد کو دی جائے گی۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود نے گرانٹ کے اجراء کیلئے محکمہ خزانہ کو سمری ارسال کی تھی۔ محکمہ خزانہ نے محکمہ سوشل ویلفیئر کے اکاؤنٹ میں مذکورہ گرانٹ منتقل کردی ہے۔ رواں ماہ ہی خصوصی افراد کو یہ امدادی رقم تقسیم کردی جائے گی۔

CamScanner

05/5/25

C.O

AD (Pub)

05/05/25

DD (PHR)

بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم

روزنامہ خبریں لاہور

Daily KHABRAIN

چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد

جلد 34 | پیر 7 ذیقعد 1446ھ 5 مئی 2025ء 22 بیساکھ 2082ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 282

گوجرانوالہ: معذور افراد کو مفت وہیل چیئرز فراہم کی گئیں

خصوصی افراد کی خدمت اور انہیں بااختیار بنانا عظیم انسانی فریضہ ہے: نوید حیدر

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اسسٹیو ڈیوائسز اینڈ وہیل چیئرز پروگرام کے تحت معاشرے کے پسماندہ اور خصوصی افراد کی خدمت اور انہیں بااختیار بنانا عظیم انسانی فریضہ ہے آج کی یہ وقار تقریب اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جس میں معذور افراد کو مفت وہیل چیئرز فراہم کی گئیں اس تقریب کا مقصد معذور افراد کی زندگیوں میں سہولت پیدا کرنا اور ان کیلئے نقل و حرکت کو ممکن بنانا ہے تاکہ وہ بھی معاشرتی سرگرمیوں میں بھرپور حصہ لے سکیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نوید احمد بھی انکے ہمراہ تھے جبکہ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر ارشاد وحید، ڈپٹی ڈائریکٹر میڈم سمیرا اقبال، ڈپٹی ڈائریکٹر تعلقات عامہ منور حسین، اسسٹنٹ ڈائریکٹرز مس زیب النساء، میڈم رابعہ افضل، سوشل ویلفیئر آفیسر عبدالرحمت، کامران حسین اور 50 سے زائد معذور افراد نے تقریب میں شرکت کی۔ کمشنر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق اسپیشل افراد کیلئے معاون آلات کے بڑے منصوبے کا گوجرانوالہ ضلع سے آغاز کر دیا گیا ہے۔